# ماڈل پیپر "عمرانیات"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ معروضی

کل نمبر:20 | وقت: 30 منٹ

سوال نمبر 1- نوٹ۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) پاک و ہند کی سرزمین پر آنے والا پہلا انسان تھا۔

(الف) آسٹرکس (ب) ایرانی (ج) دراوڑ (د) آریہ

(ii) وادی سندھ کے دو بڑے مقامات ہیں۔

(الف) موہنجوداڑو اور ہڑپہ (ب) ملتان اور جھنگ (ج) کراچی اور سکھر (د) پشاور اور کوئٹہ

(iii) ذات پات کے نظام کی بنیاد ڈالی۔

(الف) آریہ نے (ب) دراوڑوں نے (ج) ایرانیوں نے (د) منگولوں نے

(iv) پدرسری نظام رائج تھا۔

(الف) آریہ میں (ب) دراوڑوں میں (ج) ایرانیوں میں (د) انگریزوں میں

(v) ایسا تصور جو کسی معاشرہ کی منزل مقصود ہو کہلاتا ہے۔

(الف) معاشرہ (ب) نظریہ (ج) ثقافت (د) ثقافتی پس منظر

(vi) ثقافتی اوصاف کا ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہونا کہلاتا ہے۔؟

(الف) ثقافتی مماثلت (ب) معاشرتی گروہ (ج) ثقافتی گروہ (د) ثقافتی یکجہتی

(vii) مرکزی حکومت کا ایک بڑا مقصد۔

(الف) اداروں کا خاتمہ (ب) بین الصوبائی رابطوں کا فروغ (ج) صوبائی اختلافات میں اضافہ (د) ثقافتی مماثلت میں کمی

(viii) پاکستان میں اب تک ہونے والی مردم شماریوں کی تعداد ہے

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

(ix) 1998 کی مردم شماری میں پاکستان کی صنفی ترکیب تھی۔

(الف) 108 مرد: 100 عورتیں (ب) 106 مرد: 102 عورتیں (ج) 100 مرد: 108 عورتیں (د) 1000 مرد: 1000 عورتیں

(x) پاکستان کے چاروں صوبوں کی ثقافتیں کہلاتی ہیں۔

(الف) ثقافتی اقدار (ب) ذیلی ثقافتیں (ج) مادی ثقافتیں (د) غیر مادی ثقافتیں

(xi) سسی پنوں اور عمر ماروی داستانیں ہیں۔

(الف) سندھی ثقافت کی (ب) بلوچی ثقافت کی (ج) سرحدی ثقافت کی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xii) ہمارے ملک میں دیہی آبادکاری کی شکلیں ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) چھ

(xiii) پانچ ہزار سے کم نفوس کی آبادی کہلاتی ہے۔

(الف) گاؤں (ب) کھیت رہائش (ج) شہر (د) ٹاؤن

Result.PK

(xiv) پاکستانی معاشرہ میں زیادہ رائج خاندان کی قسم ہے۔

(الف) سادہ　(ب) مشترکہ　(ج) جمہوری　(د) مادرسری

(xv) برادری میں تغیر کی بڑی وجہ ہوتی ہے۔

(الف) تعلیم　(ب) دوستی　(ج) محلہ داری　(د) خاندانی دشمنی

(xvi) ہمارے دیہی معاشرہ میں سب سے اہم شخصیت ہوتی ہے۔

(الف) سکول ماسٹر　(ب) چوکیدار　(ج) پٹواری　(د) نائی

(xvii) کاشتکاروں سے مالیہ وصول کرتا ہے۔

(الف) ترکھان　(ب) موچی　(ج) امام مسجد　(د) نمبردار

(xviii) معاشرہ کی ناپسندیدہ حالت کہلاتی ہے۔

(الف) معاشرتی درجہ بندی　(ب) معاشرتی مسئلہ　(ج) ثقافتی گروہ　(د) معاشی بدحالی

(xix) غربت کا حل ہے۔

(الف) بیروزگاری کا خاتمہ　(ب) خواندگی کو فروغ　(ج) فضول خرچی کا تدارک　(د) الف، ب اور ج تینوں

(xx) بہبود آبادی پروگرام کا نفاذ ہوا۔

(الف) 1980ء میں　(ب) 1981ء میں　(ج) 1982ء میں　(د) 1983ء میں

Result.pk

3

# ماڈل پیپر "عمرانیات"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

## حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے — کل نمبر: 80

## حصہ اول

25x2=50

**سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) پاکستانی معاشرہ کا ثقافتی پس منظر بیان کریں۔

(ii) نسل سے کیا مراد ہے؟

(iii) آسٹرکس کے کوئی سے چار کارنامے تحریر کیجئے۔

(iv) مسلمان خاندان جنہوں نے برصغیر پاک وہند پر حکومت کی ان کے نام تحریر کیجئے۔

(v) پاکستانی معاشرہ کی بنیاد کن نظریات پر قائم ہے؟

(vi) ثقافتی یکجہتی کی تعریف کیجئے۔

(vii) ثقافتی یکجہتی کے مسائل مختصراً تحریر کیجئے۔

(viii) آبادی کی عمرانیات کن باتوں کا مطالعہ کرتی ہے؟

(ix) صنفی تناسب سے کیا مراد ہے؟

(x) بلدیاتی آبادی میں اضافہ کی وجوہات تحریر کیجئے۔

(xi) ذیلی ثقافت سے کیا مراد ہے؟

(xii) کراچی شہر کی تاریخی اہمیت بیان کیجئے۔

**سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) بلوچی ثقافت کے نمایاں خواص تحریر کیجئے۔

(ii) ذیلی ثقافتوں میں پائے جانے والے کوئی سے دو اختلافات تحریر کیجئے۔

(iii) کھیت رہائش سے کیا مراد ہے؟

(iv) گاؤں کی ثقافتی و معاشرتی زندگی کے نمایاں خواص تحریر کیجئے۔

(v) مشترکہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

(vi) برادری کے وظائف تحریر کیجئے۔

(vii) دیہی علاقوں میں امام مسجد کے شخصیتی خواص تحریر کیجئے۔

(viii) دیہی زندگی میں نمبردار کے وظائف تحریر کیجئے۔

(ix) زرعی نظام کے تغیر میں حائل رکاوٹیں تحریر کیجئے۔

(x) دینی تعلیم کو درپیش اہم مسائل تحریر کیجئے۔

(xi) سیاسی اداروں کے چار وظائف تحریر کیجئے۔

(xii) معاشرتی تحریک سے کیا مراد ہے؟

Result.pk

**سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) معاشرتی تحریک کی کامیابی کے چار لوازمات تحریر کیجئے۔

(ii) تعلیم کی ضرورت و اہمیت مختصراً تحریر کیجئے۔

(iii) معاشی اداروں سے کیا مراد ہے؟

(iv) منگولوں کی نسلی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(v) ناخواندگی کی اہم وجوہات تحریر کیجئے۔

(vi) ناخواندگی کے اثرات تحریر کیجئے۔

(vii) جرگہ سے کیا مراد ہے؟

(viii) معاشرتی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟

(ix) ترقی یافتہ ممالک کی تعریف یا اہم خواص تحریر کیجئے۔

(x) افزائش آبادی کا انحصار کن عوامل پر ہے؟

(xi) پاکستان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی اہم وجوہات تحریر کیجئے۔

(xii) غربت کی تعریف کیجئے۔

(xiii) غربت کے خاتمہ کے لئے تجاویز دیجئے۔

## حصہ دوم

**نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** 30=10x3

سوال نمبر 5۔ دراوڑی تہذیب کی خصوصیات تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ بلدیاتی آبادی میں اضافے کے اثرات تحریر کیجئے نیز اس کے سدباب کے لئے تجاویز دیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ دیہی خاندان کے وظائف تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر 8۔ ایک قائد کے اوصاف تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ غربت کیونکر ایک معاشرتی مسئلہ ہے؟ اس کی وجوہات اور اس میں کمی کے اقدامات تحریر کیجئے۔ 10

Result.PK